حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ کے مسترشد اور خلیفہ ہیں۔ شیخ العرب والعجم مولانا حسین احمد مدنیؒ کے تلمیذ اور ان کے علوم و معارف سے مستفید ہیں۔ موصوف کو قرآنی علوم کی اشاعت اور اس کے درس و تبلیغ سے خصوصی شغف و مناسبت رہی ہے بلکہ زندگی بھر یہی مشغلہ رہا۔ اس کے ساتھ ساتھ تصنیف و تالیف کا بھی اچھا ذوق اور ملکہ رکھتے ہیں۔ آپ کی کئی ایک تصنیفات طبع ہو چکی ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب آپ کی معروف تالیف "آسان تفسیر" کی دوسری جلد ہے۔ جو اب تیسری بار شائع ہو رہی ہے۔ تحریر سادہ، سلیس اور سلجھی ہوئی، مختصر مگر جامع، ہر خاص و عام کے لئے مفید بالخصوص سکول، کالج اور یونیورسٹیوں کے طلباء، اساتذہ اور درس قرآن کا شغل رکھنے والے احباب کے لئے تو بے حد نافع ہے۔ جدید تعلیم یافتہ طبقہ اور ان کی استعداد کو پیش نظر رکھ کر لکھی گئی ہے۔ ربط آیات، ضروری فوائد، خلاصۃ مضامین آسان اور واضح زبان اس کے انفرادی خصائص ہیں۔ اب تک چار جلدیں چھپ چکی ہیں۔ ہماری دعا ہے کہ باری تعالیٰ موصوف کو اس انداز سے اس تفسیری سلسلہ کے تکمیل کی جلد از جلد توفیق ارزانی فرماوے۔ (ع ف ح)

معالم العرفان فی دروس القرآن (تفسیر سورۃ بقرہ)	از مولانا صوفی عبدالحمید سواتی۔ صفحات ۴۹۶۔ قیمت ۴۵ روپے پتہ:۔ مکتبہ دروس القرآن۔ محلہ فاروق گنج گوجرانوالہ

مولانا عبدالحمید سواتی مدرسہ نصرت الاسلام گوجرانوالہ کے مہتمم، کئی ایک کتابوں کے مصنف، اور مشہور دینی و علمی شخصیت ہیں۔ اب ان کے مختلف دروس قرآن کی ترتیب و اشاعت کا کام بھی معالم العرفان فی دروس القرآن کے نام سے شروع ہو گیا ہے۔ اور اس کی کئی ایک جلدیں طبع ہو کر علمی و دینی حلقوں سے خراج تحسین وصول کر چکی ہیں اور الحق میں بھی ان پر تفصیل سے تبصرہ کیا جا چکا ہے۔ ترتیب و صفائی کا کام جناب لعل دین ایم اے انجام دے رہے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے جو صرف سورۃ بقرہ کے درس و تفسیر پر مشتمل ہے۔ زبان سادہ، سلیس، قدیم و جدید ضروریات اور معلومات کی جامع ہے۔ علوم قرآن اور ترجمہ و تفسیر کا ذوق رکھنے والے احباب، جدید تعلیم یافتہ طبقہ اور دینی مدارس کے طلبہ و اساتذہ سب کے لئے یکساں طور مفید ہے۔

ضخامت، عمدہ کتابت، اعلیٰ کاغذ و طباعت اور دیدہ زیب جلد بندی کو اگر ملحوظ رکھا جائے تو قیمت بھی معقول ہے۔ (ع ف ح)

شان رسالت	مؤلف: مولانا محمد ایوب ہاشمی۔ صفحات ۳۳۶۔ قیمت درج نہیں۔ پتہ۔ دارالاشاعت، مدرسہ سراج العلوم دھمنوڑ، ایبٹ آباد